آپ نے ہمارے مشترکہ دشمن کے خلاف اسرائیل کے خلاف ہماری جدوجہد میں فراہم کی ہے۔ درحقیقت آپ کی دعا اور پاکستان سمیت تمام عالم اسلام کی فیاضانہ امداد کی بدولت ہمارے اقدار کو اسرائیل کے خلاف جہاد میں تقویت ملی۔ میں یقین کرتا ہوں کہ آپ کی مخلصانہ ہمدردی ہمارے دلوں کی گہرائی میں اتر کر عالمگیر رشتہ اخوت کو مزید مستحکم کرنے کا باعث بنے گی اور آئندہ ہمارے دونوں ملکوں کا رشتہ اتحاد اور ربط اور زیادہ مضبوط بنیادوں پر استوار ہوگا۔ خدا آپ اور آپ کے خاندان پر رحمتوں کا نزول فرماوے۔

محترم سفیر عراق | مجھے یقین ہے کہ آپ لوگوں کی اخلاقی اور مادی امداد عربوں کے ارادوں کی مضبوطی کا باعث ہوگی۔ تاکہ وہ انصاف اور اپنے جائز حقوق حاصل کرنے میں جدوجہد جاری رکھ سکیں اور مقبوضہ علاقوں کی آزادی اور مکمل فتح میں کامیاب ہو جائیں۔

محترم سفیر اردن | جناب کی مہربانی ہوگی کہ اللہ پاک کے دربار میں عربوں کی کامیابی کے لئے دعا کریں جبکہ وہ ناانصافی اور ظلم کے خلاف جنگ میں برسرپیکار ہیں۔

جناب سفیر مراکش | سفارتخانہ مراکش عربوں کے اتحاد اور اسرائیل کے خلاف ان کی مقدس جنگ میں ہمدردی پر آپ کا بے حد مشکور ہے۔ مراکش کے علماء کو بھی جناب کا پیغام پہنچا دیا جائے گا۔

سعودی عرب اور کویت نے بھی جوابی تاروں میں پاکستانی مسلمانوں سے دعا اور ہر طرح کے تعاون کی اپیل کی۔

## مجلس شوریٰ کا جلسہ

دارالعلوم حقانیہ کی مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس یہاں دارالحدیث میں مولانا الحاج میاں مسرت شاہ صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں ملک کے دور دراز سے دارالعلوم کے ارکان شوریٰ نے شرکت کی اور دارالعلوم کے نئے بجٹ کی منظوری کے علاوہ مختلف ترقیاتی تجاویز اور منصوبوں پر غور کیا گیا۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ مہتمم دارالعلوم حقانیہ نے سال گذشتہ کے مختلف شعبوں کی کارگذاری پیش کرتے ہوئے کہا کہ مختلف تعلیمی اور تنظیمی شعبوں پر پچھلے سال دو لاکھ گیارہ ہزار سات سو انہتر روپے پچیس پیسے [۲۱۱۶۷۹/۲۵] خرچ ہوئے۔ جبکہ آمدنی دو لاکھ اکتالیس ہزار تین سو چون روپے انسٹھ پیسے [۲۴۱۳۵۴/۵۹] ہوئی۔ سال رواں کے لئے آپ نے دو لاکھ ساٹھ ہزار تین سو تہتر روپے [۲۶۰۳۷۳/-] (میزانیہ) پیش کیا۔ جسکی ارکان نے غور و خوض کرنے کے بعد منظوری دی۔ بجٹ کی رو سے تقریباً بیس ہزار روپے [۲۰۰۰۰/-] کا خسارہ ہے۔ مگر توکلاً علی اللہ متوقع آمدنی کے پیش نظر اسکی منظوری دیدی گئی۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ نے اپنی مبسوط تقریر میں علوم دینیہ اور مدارس دینیہ کی اہمیت پر زور دیا۔ نیز مشرق وسطیٰ کی حالیہ جنگ میں عربوں کی مکمل فتح کی دعا کی گئی اور عرب مسلمانوں کو ممکنہ تعاون کی پیشکش کی گئی۔ مجلس شوریٰ نے دارالعلوم کے اساتذہ عملہ اور شعبہ تعلیم القرآن کے عملہ کی تنخواہ میں اضافہ کی بھی منظوری دی۔ میزانیہ کا نقشہ ملاحظہ فرماویں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# نقشہ میزانیہ برائے سال رواں ۱۳۹۳ھ و اخراجات ۱۳۹۲ھ

| مدات خرچ | اخراجات ۱۳۹۲ھ |  |  | میزانیہ ۱۳۹۳ھ |  |
|---|---|---|---|---|---|
|  | پیسے | روپے |  | پیسے | روپے |
| مطبخ | ۰۱ | ۶۳ ۸۲۵ |  | - | ۷۰ ۰۰۰ |
| ڈاک | ۸۱ | ۱ ۴۰۱ |  | - | ۱ ۴۰۰ |
| نقد امداد | ۸۷ | ۱۸۶ |  | - | ۲۰۰ |
| کرایہ مکانات | - | ۲۲۵ |  | - | ۲۴۰ |
| روشنی و فٹنگ | ۲۴ | ۲ ۹۶۳ |  | - | ۲ ۷۰۰ |
| صابن | ۲۴ | ۱ ۹۱۲ |  | - | ۱ ۶۰۰ |
| رسائل و اخبارات | ۴۶ | ۱۸۱ |  | - | ۲۵۰ |
| اشاعت | ۵۰ | ۵۵۶ |  | - | ۶۰۰ |
| امتحانات | ۴۴ | ۳۸۰ |  | - | ۴۰۰ |
| کتب خرید و مرمت | ۵۵ | ۱ ۱۱۶ |  | - | ۱ ۴۰۰ |
| باغیچہ | ۵۰ | ۱۶۵ |  | - | ۱۰۰ |
| تبلیغ | ۲۵ | ۵۵ |  | - | - |
| سفارت | ۴۸ | ۱۳ ۱۵۴ |  | - | ۱۳ ۰۰۰ |
| سٹیشنری | ۳۳ | ۷۷۵ |  | - | ۴۰۰ |
| تنخواہ مدرسین و ملازمین | ۸۰ | ۵۶ ۲۶۹ |  | - | ۶۳ ۰۰۰ |
| تعلیم القرآن | ۱۷ | ۱۶ ۲۱۸ |  | - | ۱۸ ۰۰۰ |
| مرمت واٹر پمپ | ۹۹ | ۸۰۸ |  | - | ۱۸۰ |
| سامان خرید و مرمت | ۵۶ | ۱ ۸۵۷ |  | - | ۱ ۵۰۰ |
| آب رسانی | ۸۷ | ۶۹ |  | - | ۹۷۰ |
| متفرق | ۹۵ | ۱۸۲ |  | - | ۳۸۰ |
| تعمیر دارالاقامہ و مرمت | ۳۳ | ۲۶ ۳۳۷ | مرمت تعمیر تعلیم القرآن | - | ۵۷۳ |
| تعمیر گودام و مطبخ | ۱۹ | ۱ ۲۱۵ |  | - | - |
| ٹیلیفون | ۳۲ | ۱ ۴۴۵ |  | - | ۱ ۲۰۰ |
| آڈٹ | - | ۱۸۰ |  | - | ۲۰۰ |
| ماہنامہ الحق | ۲۴ | ۱۹ ۷۲۶ |  | - | ۲۲ ۰۰۰ |
| بنک کمیشن | ۴۰ | ۱۸ |  | - | ۲۰ |
| مرمت تعمیرات | ۷۵ | ۳۴ |  | - | ۵ ۰۰۰ |
| فرنیچر | - | ۹۰ |  | - | - |
| فیس وفاق المدارس | - | ۴۱۵ |  | - | ۴۱۵ |
|  |  |  | لاؤڈ سپیکر خرید | - | ۱ ۵۰۰ |
|  |  |  | تعمیر کتب خانہ | - | ۱۵ ۰۰۰ |
|  |  |  | تعمیر مہمان خانہ | - | ۱۰ ۰۰۰ |
|  |  |  | سالانہ جلسہ | - | ۱۲ ۰۰۰ |
|  |  |  | دستار فضلاء | - | ۱۲ ۰۰۰ |
|  |  |  | واپسی قرضہ ماخوذہ | - | ۴ ۱۵۰ |
| میزان | ۲۵ | ۲ ۱۱ ۷۶۹ | میزان | - | ۲ ۶۰ ۳۷۸ |

© rasailojaraid.com